7 اگست 2018ء

## اسٹیٹ بینک کے اہلکاروں کے روپ میں عوام کو جعلی فون کالز

اطلاعات ملی ہیں کہ خود کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا اہلکار ظاہر کرنے والے افراد کی جانب سے عوام کو جعلی فون کالز کی جارہی ہیں جن میں بینک اکاؤنٹس کی تصدیق کے بہانے ذاتی کوائف جیسے شناختی کارڈ نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، پاس ورڈز وغیرہ پوچھی جاتی ہیں۔ کال کرنے والے یہ دھمکی بھی دیتے ہیں کہ اگر یہ کوائف نہ بتائے گئے تو بینک اکاؤنٹس بند یا منجمد کر دیے جائیں گے۔

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ بینک اس قسم کی تصدیق کے لیے کمرشل بینکوں کے صارفین کے ساتھ براہِ راست کبھی رابطہ نہیں کرتا۔ اسٹیٹ بینک عوام الناس کو سرکلرز، بروشرز اور عوامی آگہی کے اشتہارات کے ذریعے مطلع کرتا رہتا ہے کہ لوگ مختلف قسم کے فراڈ سے ہوشیار رہیں اور اکاؤنٹ نمبر، پن، آئی ڈی، پاس ورڈ وغیرہ جیسی ذاتی معلومات کسی پر ظاہر نہیں کرنے چاہئیں۔

عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس قسم کی سرگرمیوں سے ہوشیار رہیں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو اس قسم کے دھوکہ باز عناصر کے بارے میں اطلاع دیں۔ مزید یہ کہ کوائف / معلومات کے غیر قانونی استعمال کے نتیجے میں کسی نقصان کی صورت میں فوری طور پر اپنے بینک سے رابطہ کریں۔

**